*U.S. کمیشن برائے مساوی روزگار کے مواقع*

# امتیازی سلوک کی روک تھام ایک معقول کاروبار ہے

***امتیازی سلوک کی روک تھام ایک معقول کاروباری فیصلہ ہے۔*** قانون کی تعمیل سے ملازم کی پیداواری قوت، برقراری، اور حوصلہ بڑھ جاتا ہے اور قانونی اخراجات محدود ہو جاتے ہیں۔ حتیٰ کہ معذور افراد کو روزگار دینے اور اپنے کاروبار تک معذور افراد کی رسائی کو ممکن بنانے پر آپ ٹیکس چھوٹ کے اہل بھی ہو جاتے ہیں! مزید معلومات کیلئے ملاحظہ کریں
http://www.eeoc.gov/eeoc/publications/adahandbook.cfm#appendixa

***EEOC چھوٹے کاروبار کے مالکان کی مدد کر سکتی ہے!*** EEOC وفاقی حکومتی ایجنسی ہے جو حصول روزگار کیلئے نسل، رنگ، مذہب، جنس، قوم، معذوری، عمر، اور جینیاتی معلومات کی بنیاد پر امتیازی سلوک کے خلاف وفاقی قوانین نافذ کرتی ہے۔ یہ قوانین امتیازی سلوک کی مزاحمت یا رپورٹ کاری کی صورت میں یا کسی امتیازی سلوک کے تفتیشی عمل یا مقدمہ میں حصہ لینے پر کسی قسم کی جوابی کاروائی (سزا) کی ممانعت کرتے ہیں۔

## آپ کی ذمہ داریاں

▪ **یقینی بنائیں کہ ملازمت کے فیصلوں** کی بنیاد نسل، رنگ، مذہب، جنس، قوم، معذوری، عمر یا جینیاتی معلومات پر نہ ہو۔

▪ **یقینی بنائیں کہ کام کی پالیسیاں اور معمول** کا تعلق جاب سے ہو اور غیر متناسب طور پر کسی خاص نسل، رنگ، مذہب، جنس، قوم، معذوری، یا عمر کی وجہ سے لوگوں کو باہر نہ رکھا جائے۔

▪ **یقینی بنائیں کہ ملازمین کو ہراساں نہ کیا جائے** بوجہ ان کی نسل، رنگ، مذہب، جنس، قوم، معذوری، عمر یا جینیاتی معلومات۔

▪ **مرد اور خاتون ملازمین جو ایک جیسا کام کریں کو یکساں تنخواہ فراہم کریں،** سوائے اس کے کہ آپ قانون کے تحت فرق کو جائز ثابت کر سکیں۔

▪ **امتیازی سلوک کی شکایات کا جلد اور مناسب طور پر جواب دیں۔** روکیں، اعلانیہ کہیں، اور زچ کرنے اور امتیازی سلوک کو روکیں۔ یقینی بنائیں کہ شکایت کرنے پر ملازمین کو سزا نہ دی جائے۔

▪ **مناسب رہائش فراہم کریں** (کام پر عموماً کی جانے والی تبدیلیاں، جیسا کہ شیڈول میں تبدیلی تاکہ ملازم ڈاکٹر سے مقرر شدہ ملاقات پر حاضر ہو سکے یا مذہبی تہوار میں شامل ہو سکے) **درخواست دہندگان اور ملازمین کو جنہیں طبی یا مذہبی وجوہات** کی وجہ سے ضرورت ہو، اگر قانون اس کا مطالبہ کرے۔

▪ **ایک پوسٹر آویزاں کریں** جو وفاقی روزگار کے امتیازی سلوک کے حوالے سے قوانین کی وضاحت کرے۔ (ایک مفت پوسٹر http://www1.eeoc.gov/employers/poster.cfm سے ڈاؤن لوڈ کریں)۔

▪ **ملازمت کا کوئی بھی ریکارڈ رکھیں** (جیسا کہ درخواستیں یا عملے کے ریکارڈ) (جیسا قانونی طور پر درکار ہو۔

وفاقی، ریاستی یا مقامی قوانین کے تحت آپ کی اضافی ذمہ داریاں بھی ہو سکتی ہیں۔

## ہم کیسے مدد کر سکتے ہیں

▪ ہماری جانب سے نافذ کردہ قوانین کے بارے میں **ہم آپ کے سوالات کا جواب دے سکتے ہیں۔**

▪**ہم آپ کو** اذیت رسانی، جوابی ردعمل اور دیگر غیر قانونی امتیازی سلوک کے طریقوں کو روکنے میں مدد کے متعلق **تجاویز فراہم کر سکتے ہیں۔**

▪ **ہم آپ اور آپ کے ملازمین** کو جائے کار کے متعلق حقوق اور فرائض کے بارے میں **تربیت دے سکتے ہیں۔**

▪ **ہم امتیازی سلوک کے EEOC الزامات (شکایات)** کو ثالثی کے عمل کے ذریعہ حل کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ EEOC ثالثی عمل تنازعات کے حل کیلئے مفت، غیر سرکاری، پوشیدہ عمل ہے جس سے آپ کا وقت اور رقم بچ سکتی ہے۔

### ☎ ہم سے رابطہ کریں! ☎

**EEOC کا عملہ پورے ملک میں آپ کی مدد کیلئے دستیاب ہے۔ انتظار نہ کریں؛ آج ہی ہم سے رابطہ کریں!**
اگر درکار ہو تو زبان کی مفت معاونت دستیاب ہے۔

▪ ***کیا آپ کو EEOC معلومات یا تربیت کی ضرورت ہے؟***
اپنے مقامی EEOC Small Business Liaison سے رابطہ کریں (http://www.eeoc.gov/employers/contacts.cfm) یا ہمیں کال کریں 1-800-669-4000 (TTY: 1-800-669-6820)۔

▪ ***کیا آپ کو ہمارے نافذ کردہ قوانین کے بارے میں معلومات درکار ہیں؟***
ہمیں 663-4691 (202) پر کال کریں یا olc@eeoc.gov پر ای میل کریں۔

▪ ***کیا آپ کے اپنے کاروبار کے خلاف امتیازی سلوک کے EEOC الزام کے بارے میں سوالات ہیں؟***
اپنے EEOC تفتیش کُنندہ جسے آپ کا الزام تفویض کیا گیا ہے، سے رابطہ کریں۔

ہم آپ کی جانب سے جواب کے منتظر ہیں!

اضافی معلومات کیلئے، اپنے مقامی EEOC Small Business Liaison سے رابطہ کریں (http://www.eeoc.gov/employers/contacts.cfm)